# ۵۔ گِلہری

خالد شاہیںؔ

9R9GCH

**پہلی بات :** قدرت نے اس دنیا میں بڑی عجیب عجیب چیزیں بنائی ہیں۔ بعض تو ایسی ہوتی ہیں کہ انھیں دیکھتے ہی ہم ڈر جاتے ہیں، بعض ایسی بھدّی ہوتی ہیں کہ انھیں دیکھنا بھی ہم پسند نہیں کرتے۔ مگر اس دنیا میں ایسی بھی چیزیں ہیں جو بہت خوب صورت ہوتی ہیں۔ انھیں دیکھنے سے دل خوش ہوجاتا ہے۔ اُڑتی ہوئی رنگ برنگی تتلیاں ہم پسند کرتے ہیں۔ بلبل کا گانا ہم سنتے ہیں۔ مور کے پروں کا رنگ دیکھ کر ہمیں خوشی محسوس ہوتی ہے۔ پانی کی چھوٹی چھوٹی مچھلیاں ہمارا دل لبھاتی ہیں۔ پھولوں کا رنگ ہمیں پسند ہے۔ چڑیوں کی چہک ہمارے کانوں کو بھاتی ہے۔ قدرت کی ان چیزوں میں گلہری ایک ایسا ہی جانور ہے جو ہے تو چھوٹا سا مگر بڑا پھرتیلا۔ ملائم بالوں والے اس جانور کی خوبیاں شاعر نے درج ذیل نظم میں بیان کی ہیں۔

**جان پہچان :** خالد شاہین ۳۱؍ دسمبر ۱۹۳۴ء کو ممبئی (مہاراشٹر) میں پیدا ہوئے۔ ممبئی میونسپل کارپوریشن کے شعبۂ درس و تدریس سے ۳۶؍ سال وابستگی کے بعد ۱۹۹۲ء میں بحیثیت صدر مدرّس سبکدوش ہوئے۔ انھیں مثالی مدرس کے ریاستی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ وہ بچوں کے ڈراما نگار کی حیثیت سے مشہور ہیں۔ 'چوں چوں کا مربّہ' اُن کے ڈراموں کا مجموعہ ہے۔ انھیں ادبی صحافت کے علاوہ شاعری سے بھی دلچسپی ہے۔ 'گلہری' ان کی ایک دلچسپ نظم ہے۔

ریشم جیسے بال سنہری ۔۔۔ دیکھی میں نے ایک گلہری
نیلی نیلی آنکھیں اُس کی ۔۔۔ چھوٹی چھوٹی ٹانگیں اُس کی
دُم ہے اُس کی جیسے جھالر ۔۔۔ مانگ نکالے اپنے سر پر
دھاری دار ہے اُس کی رنگت ۔۔۔ چڑھتی ہے پیڑوں پر سرپٹ
یہ اُچھلی ، وہ کوُدی بھاگی ۔۔۔ پتّا کھڑکا ، فوراً جاگی
ننّھے مُنّے دانت ہیں اُس کے ۔۔۔ چمکیں دور سے موتی جیسے
لمبی موُنچھیں ، ناک ذرا سی ۔۔۔ بولی میں نازک کِلکاری
چھالیا کترے ، لکڑی کاٹے ۔۔۔ گھر گھر اُس کے ٹکڑے بانٹے



**خلاصۂ کلام :** شاعر کو جو گلہری دِکھائی دی وہ نہایت ملائم اور سنہری بالوں والی ہے جس کی آنکھیں نیلی نیلی ہیں۔ پَیر بہت چھوٹے ہیں، دُم جھالر کی طرح ہے۔ اُس کے جسم پر لکیریں بنی ہیں۔ وہ اس قدر پھرتیلی ہے کہ دیکھتے دیکھتے پیڑوں پر چڑھ جاتی ہے۔ اُچھلتی کوُدتی بھاگتی ہے۔ وہ اتنی چالاک ہے کہ پتّا بھی کھڑکے تو چوکنّا ہوجاتی ہے۔ اُس کے چھوٹے چھوٹے دانت موتی کی طرح چمکتے ہیں۔ موُنچھیں لمبی ہیں لیکن ناک چھوٹی سی ہے۔ بولی بالکل کلکاری کی طرح ہے۔ لکڑی اور سخت سپاری بھی آرام سے کتر لیتی ہے اور یہاں وہاں پھیلا دیتی ہے۔

## معنی واشارات Glossary

| | | |
|---|---|---|
| گلہری | - | Squirrel |
| ریشم جیسا | - | بہت نرم Silky |
| سنہری | - | سونے کے رنگ کا، زرد Golden |
| جھالر | - | کنارہ Frill |
| دھاری دار | - | لکیروں والا Stripped, lined |
| سرپٹ | - | تیزی سے Quickly |
| کلکاری | - | ننھے بچے کی ہنسی کی آواز Loud laugh of a baby, shrieking |
| چھالیا | - | سپاری Betel nut |

## مشق Exercise

○ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**Answer in one sentence.**

۱۔ گلہری کس طرح بھاگتی ہے؟

۲۔ گلہری کے دانت کیسے ہوتے ہیں؟

۳۔ گلہری کی آواز کیسی ہوتی ہے؟

○ مختصر جواب لکھیے۔ **Answer in short.**

۱۔ گلہری کی خوب صورتی پر چار جملے لکھیے۔

۲۔ نظم میں شاعر نے گلہری کی کن خوبیوں کا ذکر کیا ہے؟

○ دیے ہوئے لفظوں میں سے مناسب لفظ چن کر خالی جگہ پُر کیجیے۔

**Choose appropriate words and fill in the blanks.**

۱۔ پتّا کھڑکا ................ جاگی

(فوراً ، دیر ، جلدی)

۲۔ ............. مونچھیں، ناک ذراسی

(بڑی ، لمبی ، چھوٹی)

### ذہنی کوشش Mental Effort

○ درج ذیل لفظوں کی مدد سے نظم میں دیا ہوا شعر تلاش کر کے لکھیے۔

مانگ ، جھالر ، نکالے ، اس کی ، اپنے ، دُم ، پر ، جیسے ، سر ، ہے

○ مناسب جوڑیاں لگائیے۔

**Match the following.**

| الف | ب |
|---|---|
| بال | نیلی نیلی |
| آنکھیں | ریشم جیسے سنہری |
| ٹانگیں | جھالر |
| رنگت | دھاری دار |
| دانت | چھوٹی چھوٹی |
| ناک | موتی جیسے |
| دُم | ذراسی |

### تلاش وجستجو Search

اپنے استاد کی مدد سے علامہ اقبالؔ کی نظم 'پہاڑ اور گلہری' حاصل کر کے اپنی جماعت میں سنائیے۔

**سرگرمی/منصوبہ (Project / Activity):**

○ نیچے دیے ہوئے جانداروں میں سے کسی ایک کے متعلق نظم تلاش کر کے اپنی بیاض میں لکھیے۔

چڑیا، گائے ، چیونٹی ، بِلّی

